© rasailojaraid.com



# مدرسہ عربیہ اعزاز العلوم ویٹ ضلع غازی آباد یوپی

یوپی ضلع غازی آباد کے قریب قصبہ ویٹ میں دینی تعلیم اور عربی علوم کا ایک عظیم مدرسہ عربیہ اعزاز العلوم جناب مولانا شوکت علی صاحب کی سربراہی و اہتمام میں جس طرح قابل قدر ملی خدمات انجام دے رہا ہے وہ تمام ملت اسلامیہ کی طرف سے قابل ستائش ہے ۔ مدرسہ ہذا میں تبرہ سو طلباء ہیں جنمیں ۵۰۰ بیرونی طلباء ہیں ۔ چالیس مدرسین ہیں ۔ عربی فارسی حفظ تجوید کی تعلیم کا معقول انتظام ہے ۔ سالانہ خرچہ تقریباً ۱۵ لاکھ سے زائد ہے ۔

مورخہ ۸، ۹ اپریل ۱۹۹۵ء بروز ہفتہ و اتوار کو مدرسہ ہذا میں ایک عالیشان پروگرام کا انعقاد ہوا جس میں مشاہیر ملت علماء کرام نے شرکت فرمائی ۔ احقر عبیدالرحمٰن عثمانی بھی خصوصی دعوت نامہ پر شریک پروگرام ہوا ۔

۸ اپریل بروز ہفتہ رات ۱۱ بجے کو حضرت مولانا اسعد مدنی صاحب مدظلہ العالی نے ولولہ انگیز تقریر کے بعد خصوصی دعاء کرائی ۔ اور مورخہ ۹ اپریل ۹۵ء بروز اتوار کو دوپہر حضرت مولانا ابرار الحق صاحب مدظلہ العالی ہردوئی خلیفہ حضرت مولانا اشرف تھانویؒ نے انتہائی خشوع و خضوع کے ساتھ دعاء کرائی ۔

مدرسہ اعزاز العلوم ویٹ ضلع غازی آباد یوپی کے مذکورہ بالا پروگرام میں بڑی ہی شائستگی اور سلیقہ مندی تھی ۔ جس سے احقر کو صد درجہ خوشی حاصل ہوئی ۔ یہ مدرسہ ملت اسلامیہ کے لئے قابل فخر مدرسہ ہے ۔ سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ یہ مدرسہ شب و روز ترقی کی منزلیں طے کر رہا ہے جسے دیکھ کر احقر عبیدالرحمٰن عثمانی خوشی و مسرت سے باغ باغ ہو رہا ہے ۔ مدرسہ ہذا کے مہتمم جناب مولانا مفتی شوکت علی صاحب جس محنت و لگن سے مدرسہ کی ترقی و کامیابی اور اعلیٰ معیار کو قائم و برقرار رکھنے کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں ۔ اسے دیکھ کر بارگاہ عالی میں دعا ہے کہ ان کے حوصلے و ہمت میں اللہ تعالیٰ بلندی عطا کرے ان کی صحت و سلامتی میں برکت عطا کرے ۔ آمین ۔

مدرسہ ہذا کے مذکورہ بالا پروگرام کو کامیاب بنانے کا سہرا بھی حضرت مولانا مفتی شوکت علی صاحب و مولانا اعجاز علی صاحب کے سر پر ہے ۔ انہوں نے مدرسہ کے پروگرام میں شریک ہر شخص کی ہر طرح سے دلجوئی کی مہمانوں کو کسی قسم کی ذرا بھی کمی کا احساس نہ ہونے دیا اور احقر عبیدالرحمٰن عثمانی نے اپنی مہمان نوازی کا لطف و سرور حاصل کرتے ہوئے قرن اولیٰ کے مسلمانوں کے اسلاف کی یاد پھر سے تازہ کیا ۔

© rasailojaraid.com